سوال

(146)پیشاب کے قطروں کی بیماری بتلا شخص کیا کرے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کو پیشاب کے بعد پیشاب کے قطرے آتے ہیں باوجود کافی دیر بیت الخلاء میں رہنے کے بعد وضو کرتا ہے اور نماز پڑھتا ہے ، سجدے یا رکوع میں ایک آدھ قطرہ پھر پیشاب کا خارج ہوتا صاف محسوس ہوتا ہے تو کیا اب نماز توڑ دے یا جاری رکھے ۔ اس کے شرعی احکام کیا ہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس کو قطروں کی بیماری ہو، اہل علم نے اس کو مستحاضہ پر قیاس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر نماز کےلیے صرف ایک وضو کافی ہے ۔ مزید تردّد (شک) میں پڑنے کی ضرورت نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطھارۃ : صفحہ:159

محدث فتویٰ